# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 12-09-2026**

**Time : 12:30 / PM**

---

**آداب**

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین

برکس اجلاس

قومی راجدھانی نئی دلی کے بھارت منڈپم میں آج سے برکس سربراہ اجلاس منعقد ہو رہا ہے۔ اس 2 روزہ چوٹی کے اجلاس میں 11 بڑی ابھرتی ہوئی اور ترقی پذیر معیشتیں ایک ساتھ جمع ہیں۔

اجلاس میں شرکت کرنے والے عالمی لیڈروں میں روسی صدر ولادمیر پوتین، چینی صدر شی جن پنگ اور ایران کے صدر مسعود پیزشکیاں بھی شامل ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی اجلاس کے حاشیے پر عالمی لیڈروں کے ساتھ سلسلہ وار باہمی میٹنگیں بھی کر رہے ہیں۔

بھارت کی صدارت میں منعقدہ برکس اجلاس کے دوران، تجارت اور سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، توانائی کی سلامتی، طبی نگہداشت، آفات سے نمٹنے اور اہم سپلائی چینز جیسے اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

اس اہم اجلاس کیلئے تمام تر تیاریاں پہلے سے ہی مکمل کی گئی ہیں۔

مودی

اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ برکس ممالک عالمی جدت طرازی اور حل فراہم کرنے کے اہم مراکز کے طور پر ابھر رہے ہیں۔ برکس کاروباری فورم کے دوران نئی دلی کے بھارت منڈپم میں برکس راہنماؤں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ برکس کی اقتصادی قوت باقی دنیا کی طاقت سے دوگنی رفتار سے بڑھی ہے۔

وزیر اعظم نے 'میک اِن انڈیا'، 'انوویٹ وِتھ انڈیا' اور 'سکیل فار دِی ورلڈ' کی بات کرتے ہوئے کہا کہ عالمی تجارت تبھی ممکن ہوسکتی ہے جب سمندری راستے محفوظ اور کھلے ہوں اور جہاز رانوں کا تحفظ ہو سکے۔

بزنس کمیٹی

جموں کشمیر اسمبلی کے موسم خزاں کے اجلاس کے احسن انعقاد کیلئے تیاریوں اور انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔

اس سلسلے میں قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے ارکان بھی نامزد کئے ہیں۔ ان

میں اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، ارکان اسمبلی علی محمد ساگر، مبارک گُل، محمد یوسف تاریگامی، غلام احمد میر، سجاد غنی لون، محمد فیاض اور چودھری محمد اکرم شامل ہیں۔

جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جاچکی ہے کہ **21** ستمبر سے شروع ہونے والے اس اجلاس کی کارروائی مکمل طور سے بغیر کاغذ نیشنل ای ودھان ایپ کے ذریعے انجام دی جائے گی۔اسمبلی کے اس اجلاس کیلئے عبوری کلینڈر بھی جاری کیا گیا ہے، جس کے مطابق اس اجلاس میں کُل سات دن کا کام کاج ہوگا۔

کشمیر ایکسپو

سرینگر میں بلیوارڈ کے متصل زبرون پارک میں **JKTPO** کی طرف سے کشمیر ایکسپو **2026** جاری ہے۔اس تین روزہ ایکسپو میں جموں کشمیر کے کرافٹ، کلچر اور کھان پان کو اجاگر کیا جارہا ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے ایکسپو کا افتتاح کرنے کے موقعہ پر کہا کہ اس نمائش کی بدولت یہاں کے کاریگروں، کارخانہ داروں اور تاجروں کو اپنا مال بھیجنے کیلئے مارکیٹنگ کی بہتر سہولیات دستیاب ہونگی۔

جاوید رانا

جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے تمام متعلقہ افسروں اور محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ انتہائی لگن اور تن دہی کے ساتھ کام کرکے عوام کی بھلائی اور بہبودی کیلئے ہمہ تن وقف رہیں۔

پونچھ ضلعے کے سرنکوٹ علاقے میں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران وزیر موصوف نے گزشتہ سیلاب کے بعد امداد اور بحالی کے اقدامات کی اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوں نے سرکاری سکیموں، بحالیاتی اقدامات اور دیگر ترقیاتی پروگراموں کے بارے میں زمینی سطح پر جانکاری عام کرنے کیلئے وقتاً فوقتاً کیمپ منعقد کرنے کی بھی ہدایت دی۔

ڈی سی سرینگر

حضرت پیر دستگیر صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے عرس کے سلسلے میں آج سے ایام متبرکہ شروع ہو رہے ہیں۔آستان عالیہ خانیار سرینگر میں نماز عصر تا نماز مغرب ختمات المعظمات، درود اذکار اور نعت و مناجات کی مجالس آراستہ ہونگی۔عرس کے سلسلے میں تمام انتظامات اور تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی ہے۔

ادھر ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے سرائے بالا کا دورہ کرکے وہاں انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔

انہوں نے عرس کے موقعے پر عقیدت مندوں کی سہولیات کیلئے تمام تر اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے ایام متبرکہ کے دوران پانی اور بجلی کی بلاخلل سپلائی کے ساتھ ساتھ زیارت گاہ کے گردونواح میں صفائی ستھرائی یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

پی ایم کسان

پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا کے آج 7 برس مکمل ہو گئے ہیں۔ چھوٹے اور پسماندہ کسانوں کی گزبسر کو یقینی بنانے کے مقصد سے یہ سکیم 2019 میں آج ہی کے دن شروع کی گئی تھی۔ اس اسکیم کے تحت جن چھوٹے اور پسماندہ اہل کسانوں کے پاس زمین ہے ان کے لئے 60 برس کی عمر کے بعد سے ماہانہ 3 ہزار روپے پینشن کا بندوبست ہے۔

آواس یوجنا

حکومت نے پردھان منتری آواس یوجنا شہری 2.0 کے تحت 10 لاکھ 77 ہزار مکانات کو منظوری دی ہے۔ یہ فیصلہ گزشتہ روز نئی دلی میں منعقدہ منظوری اور نگرانی سے متعلق 9 ویں میٹنگ میں لیا گیا ہے جس کی صدارت شہری ترقی کے محکمہ کے سیکریٹری ستیند رسنگھ نے کی۔

ڈی سی اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے قبائلی طبقوں کے طالب علموں کو اپنی برادری میں مثبت تبدیلی کے سفیر بننے کی تلقین کرتے ہوئے تخلیقی اور اختراعی خیالات کو عملی جامہ پہنانے کی تلقین کی ہے۔ وہ نیشنل ایجوکیشن سوسائٹی فار ٹرائیبل اسٹوڈنٹس کے زیر اہتمام اننت ناگ میں ماڈل یوتھ گرام سبھا سے خطاب کر رہے تھے۔

Closng

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ